نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کاشتکار کپاس کی کاشت ترجیحاً 15 مئی تک مکمل کرلیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:**13اپریل2026**:( )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار ترجیحاً 15 مئی تک کاشت مکمل کر لیں اور کاشت سے قبل بیج کو محکمہ زراعت پنجاب کی سفارشات کے مطابق کپاس کی منظور شدہ بی ٹی اقسام استعمال کریں۔کاشتکار کم از کم 10 فیصد رقبہ پر محکمہ زراعت کی سفارش کردہ نان بی ٹی اقسام کی کاشت بھی کریں تا کہ حملہ آور سنڈیوں میں بی ٹی اقسام کے خلاف قوتِ مدافعت نہ پیدا ہو سکے۔کپاس کی کاشت کیلئے سرٹیفائیڈ اور ٹیگ والا بیج استعمال کریں اور بیج کسی مستند ڈیلر سے خریدیں۔اگر بیج کا اُگاؤ 75 فیصد سے زیادہ ہو تو بُرا ترا ہوا بیج 6 کلوگرام اور بُردار بیج 8 کلوگرام فی ایکڑ استعمال کریں۔بوائی سے قبل بیج کو مناسب کیڑے مار زہر ضرور لگائیں جس سے فصل ایک ماہ تک رس چوسنے والے کیڑوں خاص طور پر سفید مکھی کے حملہ سے بچی رہتی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کپاس کی کاشت ترجیحاً پٹریوں پر کریں۔جن علاقوں میں پانی کی کمی ہو وہاں پٹریاں بنانے کے بعد ہاتھ سے چوپا لگائیں جبکہ پانی والے علاقوں میں ڈرل کی مدد سے کاشت کریں اور قطاروں کا درمیانی فاصلہ اڑھائی فٹ رکھیں۔30 اپریل تک کاشتہ فصل کیلئے پودوں کی تعداد 17500 فی ایکڑ رکھیں۔تاہم کاشت اور قسم کے اعتبار سے پودوں کی فی ایکڑ تعداد اور پلانٹنگ جیومیٹری میں تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔کپاس کے کاشتکار آبپاشی، کھادوں کا استعمال اور کسی بھی قسم کی فنی راہنمائی کیلئے محکمہ زراعت کے مقامی عملہ سے رابطہ کریں اور محکمانہ سفارشات پر عمل کریں تا کہ کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ممکن ہو سکے

☆☆☆☆